قبل از پیدائش ایچ آئی وی (HIV) معائنہ – ماں بننے کے لیے پُرامید عورت کا خدشہ

قبل از پیدائش معائنے کا مقصد

قبل از پیدائش معائنے کا مقصد دورانِ حمل حاملہ ماں کی بہترین صحت کو یقینی بنانا ہے۔ اس معائنے کے ذریعے بیماری کا جلد سراغ لگایا جاتا ہے اور ماں کے پیٹ موجود بچے کے صحت کو بہتر رکھنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ قبل از پیدائش معائنے میں عام طور پر خون کا گروپ جاننے کے لیے بلڈ ٹیسٹ، ہیموگلوبن کی سطح، اوسط سرخ خلیہ حجم، ریبیسس فیکٹر، روبیلا اینٹی باڈی، ہیپاٹائٹس بی اینٹیجن، سائیفیلس اور ایچ آئی وی (HIV) اینٹی باڈی شامل ہوتے ہیں۔

عالمگیر قبل از پیدائش ایچ آئی وی (HIV) معائنہ حاملہ خاتون کو کس طرح فائدہ پہنچاتا ہے؟

ہیومن امیونو ڈیفی شینسی سنڈروم (AIDS) وائرس ایڈز کی بیماری کا سبب ہے، جسے مختصر طور پر ایچ آئی وی (HIV) کہا جاتا ہے۔ منتقلی کے ذرائع میں جنسی میل جول، خون کا ملاپ اور ماں سے بچے کو ترسیل شامل ہے۔ انسانی جسم میں داخل ہونے کے بعد یہ وائرس تیزی کے ساتھ پھیلتا ہے اور اپنی تعداد بڑھاتے ہوئے بے رنگ محلول والے ایل آئی ایم پی ایچ خلیوں کو تباہ کر دیتا ہے۔ یہ آہستہ آہستہ جسم کی قوت مدافعت کو کم کرتا ہے، مختلف متوقع انفیکشنوں یا حتیٰ کہ سرطان کا موجب بنتا ہے اور انجام کار موت کی نیند سلا دیتا ہے۔

ماں سے بچے کو منتقلی کی بات کی جائے تو، ایچ آئی وی (HIV) متاثرہ ماں سے حمل، زچگی یا چھاتی سے دودھ پلانے کے عمل کے دوران اس کے بچے کو منتقل ہو سکتا ہے۔ بغیر مداخلت کے، ماں سے بچے کو منتقلی کی شرح 15 تا 40 % ہے۔ **موثر معالجے اور دورانِ حمل، زچگی اور بعد از پیدائش بچے کو فراہم کردہ تحفظ کے ذریعے اس شرح کو 1-2% فیصد تک کم کیا جا سکتا ہے۔**

علاج اور تحفظ

- متاثرہ حاملہ خاتون کو انٹائرٹرووِیرل تھراپی (ART) جس قدر جلد ممکن ہو شروع کر دینی چاہیے؛ انٹراوینس ART کی زچگی کے دوران بھی ضروری ہو سکتی ہے۔
- سیسیرین سیکشن بمقابلہ ویجینل زچگی کے حوالے سے خطرات و فوائد سے متعلق ان کے معالجین سے گفت و شنید کریں۔
- نوزائیدہ کو چھاتی سے دودھ پلانے سے گریز کیا جانا چاہیے۔
- پیچیدگیوں سے بچاؤ اور جلد تشخیص کے لیے بچے کو اورل ART جاری رکھوانا چاہیے اور پیدائش کے بعد پیڈیاٹریشن سے فالو اپ کروانا چاہیے۔
- ایک مرتبہ جب ثابت ہو جائے کہ انفیکشن ہے، تو بچے کو مناسب معالجہ دیا جائے گا، اور اس بچے/بچی کی صحت کی بہتری کے لیے فالو اپ نگہداشت فراہم کی جائے گی۔

ایچ آئی وی (HIV) معائنے کے نتیجے کی تعبیر

ایک روایتی ایچ آئی وی (HIV) معائنے میں ایک ہفتے سے زائد کا وقت لگ سکتا ہے۔ ٹیسٹ کا نتیجہ منفی (-منفی) یا مثبت (+مثبت) ہو سکتا ہے۔ درج ذیل نتائج کی تعبیرات ہیں۔

ایچ آئی وی (HIV) اینٹی باڈی (-منفی) نتیجہ

- ایک منفی نتیجہ ظاہر کرتا ہے کہ حاملہ خاتون ایچ آئی وی (HIV) معائنہ کے وقت ایچ آئی وی (HIV) سے متاثر نہیں ہے۔ تاہم، ایک فرد کو 'ونڈو پیریڈ' سے آگاہ ہونا چاہیے۔ ونڈو پیریڈ وہ مدت ہے جو اس لمحہ کے دوران ہے جب ایک فرد ایچ آئی وی (HIV) سے متاثر ہوتا ہے اور تب جب کہ ایچ آئی وی (HIV) مثبت نتیجہ ظاہر کرتا ہے۔ ایچ آئی وی (HIV) معائنہ کاری کا ونڈو پیریڈ 3 مہینے ہے۔ ایک منفی نتیجہ بھی یہ انفیکشن کو خارج از امکان نہیں کر سکتا اگر صارف کا پچھلے 3 مہینے میں کوئی حالیہ ایکسپوژر ہوا ہو۔ صارفین کو اس کا نوٹ لینا چاہیے اور معائنے کو دہرانا چاہیے یا شبہ کی صورت پیدا ہو تو معالج سے مشورہ لینا چاہیے۔
- ایک حاملہ خاتون جس کا ایچ آئی وی (HIV) بلڈ نتیجہ منفی آیا ہو اسے خود کو اور نوزائیدہ بچے کوحمل اور چھاتی کا دودھ پلانے کے عمل کے دوران ایچ آئی وی (HIV) کی ترسیل سے بچانے کے لیے حفاظتی اقدامات لینے پر عمل جاری رکھا چاہیے۔ اس میں محفوظ جنسی عمل جیسا کہ کنڈوم کا استعمال، سوئی کے شراکت سے بچنے اور زائد خطرے کے رویوں سے گریز پر عمل پیرا ہونا شامل ہے۔
- **کسی بھی ایسی حاملہ خاتون جس میں حمل کی مدت کے دروان ایچ آئی وی (HIV)سٹیٹس اپنے کا شبہ ہو تو اسےادوبارہ ایچ آئی وی(HIV) ٹیسٹ کے لیے معالج سے رابطہ کرنا چاہیے۔**

ایچ آئی وی (HIV) اینٹی باڈی مثبت (+مثبت) نتیجہ

- ایک مثبت نتیجے کا مطلب ہے کہ حاملہ خاتون ایچ آئی وی (HIV) سے متاثر ہو چکی ہے۔ اس بات کا خطرہ موجود ہوتا ہے کہ وہ فیٹس اور جنسی عمل کے ذریعے اپنے جنسی پارٹنر کے اندر وائرس کو منتقل کر سکتی ہے۔

ایچ آئی وی (HIV) اینٹی باڈی معائنے کا نتیجہ مکمل طور پر رازداری میں رکھا جاتا ہے۔

ابتدائی تشخیص – یہ حاملہ خاتون کو کس طرح فائدہ پہنچاتی ہے؟

- جس قدر جلد انفیکشن کی تشخیص ہو جائے، اسی قدر بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔
- معیاری قبل از وقت پیدائش کی نگہداشت سے قطع نظر، صحت کی نگہداشت کے فراہم کنندگان مل کر کام کرتے ہیں تاکہ متاثر فرد میں مجموعی نگہداشتی عمل کو پروان چڑھا سکیں۔
- حاملہ خاتون کو ایچ آئی وی (HIV) بیماری پر قابو پانے کے لیے جس قدر جلد ممکن ہو ART کی پیشکش کی جائے گی۔
- بذریعہ مشاورت، حاملہ خاتون اپنی جسمانی اور نفسیاتی صلاحیت سے آگاہ ہو پائے گی تاکہ بیماری کا مقابلہ کرے، اور حمل کے جاری رکھنے کے بارے میں کسی نتیجے پر پہنچ سکے۔
- حاملہ خاتون اپنے ایچ آئی وی (HIV) اسٹیٹس سے متعلق اپنے جنسی پارٹنر یا خاندان کو آگاہ کرنے سے متعلق انتخاب کر سکتی ہے۔ صحت کی نگہداشت کے فراہم کنندہ اسے اور اس کے خاندان کو امداد اور مشاورت کی پیشکش کریں گے۔
- متاثرہ ماں ادویات کے ذریعے علاج جاری رکھے گی اور زچگی کے بعد بیماری کا فالو اپ کرے گی تاکہ اپنی صحت کو برقرار رکھ سکے اور پیچیدگیوں سے بچ سکے۔ وہ سیکھے گی کہ اپنے بچے کی نگہداشت کیسے کرنی ہے اور خون سے پیدا ہونے والی بیماریوں کی منتقلی سے کیسے آگاہ رہنا ہے۔

فوری ایچ آئی وی (HIV) معائنے کا مقصد

یہ اہم ہے کہ ایک حاملہ خاتون زچگی سے قبل اپنے ایچ آئی وی (HIV) اسٹیٹس سے آگاہ ہو۔ ہانگ کانگ میں، تمام حاملہ خواتین کا قبل از وقت پیدائش معائنہ کاری کے عمل کے دوران روٹین میں یہ معائنہ کیا جاتا ہے۔ اس لیے، کوئی بھی ایسی خاتون جو کہ زچگی کے مرحلہ کے قریب ہو اور جس نے ابھی تک ایچ آئی وی (HIV) اسٹیٹس نہ معلوم ہو، اسے فوری طور پر ریپڈ ایچ آئی وی (HIV) ٹیسٹ کروا نا چاہیے جس میں صرف چند منٹس لگتے ہیں تاکہ بچے کی حفاظت کے لیے مناسب اقدامات اٹھائے جا سکیں۔ ٹیسٹ کا نتیجہ 20 منٹوں کے بعد ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

ریپڈ ٹیسٹ کیا ہے اور یہ کس طرح لیا جاتا ہے؟

- یہ ٹیسٹ خون کے نمونے میں ایچ آئی وی (HIV) اینٹی باڈیز کو شناخت کرتا ہے۔
- خون کا نمونہ انگلی کی شگاف زنی یا وینیپنکچر کے ذریعے حاصل کیا جاتا ہے۔ آپ کی انگلی سے خون کا ایک قطرہ لیا جاتا ہے اور ٹیسٹ کا نتیجہ 20 منٹوں کے بعد ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔
- ریپڈ ایچ آئی وی (HIV) ٹیسٹ منفی (-منفی) اور مثبت (+مثبت) بھی ہو سکتا ہے۔ کسی بھی مثبت ریپڈ ٹیسٹ کے نتیجے کے بعد ایک تصدیقی ٹیسٹ بھی ازاں بعد لیا جانا چاہیے جو کہ وینس بلڈ کا ہوتا ہے اور لیبارٹیری میں لیا جاتا ہے۔

(1) خون نکالنے کے لیے انگلی میں شگاف زنی

(2) لوپ (مع خون) کو ٹیسٹ کٹ میں ڈالیں

(3) ٹیسٹ کا نتیجہ

خود اپنی اور بچے دونوں کے تحفظ کے لیے، براہ مہربانی قبل از پیدائش ایچ آئی وی (HIV) معائنہ کاری پر غور کیجیے۔ جلد تشخیص آپ اور آپ کے بچے دونوں کو فائدہ پہنچاتی ہے۔

اگر ایچ آئی وی (HIV) ٹیسٹ اور AIDS کے حوالے سے آپ کے ذہن میں مزید سوالات ہوں، تو براہ مہربانی اپنے معالج یا نرس سے بات کریں۔ ہم آپ کو بھی خوش آمدید کہتے ہیں کہ آپ AIDS ہاٹ لائن کے ذریعے 2211 2780 پر ہمارے کونسلر سے رابطہ کریں۔

ریڈ ربن سنٹر – یو این ایڈز مرکز امداد باہمی برائے تکنیکی امداد
پتہ: 2/F., Wang Tau Hom Jockey Club Clinic, 200 Junction Road East, Kowloon, Hong Kong.
ٹیلی فون: (852) 3143 7200 فیکس: (852) 2338 0534
ویب سائٹ: www.rrc.gov.hk

PA/AA4/19-10(O)/WOM-INF